بسم اللہ الرحمن الرحیم

جامعہ احمدیہ جرمنی

JAMIA AHMADIYYA DEUTSCHLAND

INSTITUT FÜR ISLAMISCHE THEOLOGIE UND SPRACHEN

Am alten Grenzstein 4-6, 64560 Riedstadt-Goddelau Tel.: +49 (0) 6158 87 837-0 Fax: +49 (0) 6158 87 837-37
sekretariat@jamia.de www.jamia.de

اعلان برائے داخلہ جامعہ احمدیہ جرمنی

جامعہ احمدیہ جرمنی میں نئی کلاس کا آغاز انشاءاللہ ماہ ستمبر 2026 سے ہورہا ہے۔ تمام امیدوار جو جامعہ احمدیہ میں داخلے کے خواہشمند ہوں ان سے درخواست ہے کہ جامعہ احمدیہ جرمنی ریڈ شٹڈ کے دفتر سے داخلہ فارم حاصل کرکے اپنی درخواست صدر جماعت ولوکل امیر کی تصدیق کے ساتھ 30 مئی 2026 تک درج ذیل پتے پر بھجوادیں۔

تحریری ٹیسٹ جامعہ احمدیہ میں ہوگا جو زیادہ تر نصاب وقف نو اور عام دینی معلومات میں سے ہوگا تاہم اس کے علاوہ بھی سوالات پوچھے جاسکتے ہیں تحریری ٹیسٹ کے علاوہ زبانی انٹرویو ہوگا۔ انٹرویو کے بعد کامیاب قرار پانے والے طلباء ہی داخلہ کے اہل سمجھے جائیں گے۔ داخلے کے لئے اُمیدوار کا درج ذیل شرائط کا پورا کرنا لازمی ہوگا۔

☆ امیدوار Abitur پاس کرچکا ہو۔ تاہم استثنائی صورت میں میٹرک (Realschulabschluss) پاس امیدوار کی درخواست بھی زیر غور لائی جاسکتی ہے۔

☆ استثنائی اُمیدوار (Realschulabschluss) کی عمر 18 سال اور Abitur پاس امیدوار کی عمر 20 سال سے زائد نہیں ہونی چاہیے۔

☆ امیدوار کو قرآن کریم صحت تلفظ کے ساتھ پڑھنا آتا ہو اور اگر کچھ حصہ کا ترجمہ بھی آتا ہو تو اُسے اضافی اہلیت کا حقدار سمجھا جائیگا۔

☆ اُمیدوار نے وقف نو کا مکمل نصاب پڑھا ہو نیز اسلام اور احمدیت کے متعلق بنیادی معلومات رکھتا ہو، کتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا تعارف اور مطالعہ رکھتا ہو۔

☆ جرمنی سے باہر کے ممالک کے طلباء کی تعلیمی قابلیت کا فیصلہ ملک کی تعلیمی صورت حال کے لحاظ سے انٹرویو بورڈ کریگا۔

☆ **بیرون از جرمنی سے صرف وہی طلبہ درخواست دے سکتے ہیں جنہیں جرمنی میں رہنے کیلئے قانونی طور پر اجازت ہو اور جامعہ احمدیہ میں داخلے اور ہوسٹل میں رہائش کے سلسلے میں ملکی قانون کے مطابق کوئی روک نہ ہو۔**

☆ کسی دوسرے ملک سے جرمنی آکر آباد ہونے والے طلباء جو عرصہ پانچ سال یا اس سے کم عرصہ سے جرمنی میں مقیم ہیں ایسے طلباء کے لئے استثنائی طور پر بعض رعایتیں ہوسکتی ہیں لیکن اِسکا فیصلہ انٹرویو بورڈ کریگا۔

☆ اُمیدوار کا جسمانی اور ذہنی طور پر تندرست ہونا ضروری ہے۔ درخواست کے ہمراہ اپنے تعلیمی سرٹیفکیٹ کی نقول اور اپنے ڈاکٹر سے فٹنس سرٹیفکیٹ بنواکر ارسال کریں۔

☆ داخلے کی سفارش ٹیسٹ اور انٹرویو کو ملاکر رزلٹ کی بنیاد پر کی جائے گی۔

☆ جو اُمیدوار داخلے کے خواہش مند ہیں اُن سے درخواست ہے کہ ابھی سے اپنا وقت قرآن کریم کا تلفظ، ترجمہ سیکھنے اور کُتب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مطالعہ میں گزاریں۔ وقفِ نو کے نصاب کو دھراتے رہیں۔ نمازوں میں باقاعدگی اختیار کریں اور دُعائیں کرتے رہیں۔

☆ **نوٹ۔ داخلہ فارم کے ہمراہ دوعدد فوٹو، تعلیمی اسناد کی نقول، ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ، پاسپورٹ اور ویزہ کی کاپی ارسال کریں۔**

☆ **داخلہ فارم جامعہ کی ویب سائٹ (www.jamia.de) پر بھی دستیاب ہے۔**

پرنسپل

جامعہ احمدیہ جرمنی